(6 pages)

MAY 2025 **U/ID 33277/ULF2A**

Time : Three hours Maximum : 75 marks

PART A — (10 × 2 = 20 marks)

نوٹ : کوئی دس سوالوں کے جواب مطلوب ہیں۔ دو یا تین جملوں میں جواب دیجئے۔

1. پہلے درویش کے باپ کا کیا نام تھا؟
2. ثروت کے کتنے بچے تھے؟
3. 'اسم عام' کی کتنی قسمیں ہیں؟
4. ''ضمیر'' کی تعریف بیان کیجئے۔
5. فعل کسے کہتے ہیں؟

6. کرشن چندر کے مضمون کا کیا نام ہے؟

7. تھیوڈر ماریسن کا قول بیان کیجئے۔

8. علی اکبر آمبوری کے افسانہ کا کیا نام ہے؟

9. اپنی والدہ سے ڈاکٹر عبد الحق نے بچپن میں کیا کتابیں پڑھیں؟

10. ڈاکٹر سید صفی اللہ کے افسانے کا کیا نام ہے؟

11. سری کنٹھ کے بھائی کا کیا نام تھا؟

12. صبا کے شوہر کو کیا چیز پسند تھی؟

PART B — (5 × 5 = 25 marks)

نوٹ : ذیل کے کسی پانچ اقتباسات کی بحوالہ متن تشریح کیجئے۔

13. ”نادر تم میرے لئے اچھے دوست تھے۔ لیکن مجھے معلوم نہ تھا کہ تم میری بیوی کے لئے بھی اچھے دوست ثابت ہوگے۔“

14. ”جب ڈاڑھی مونچھ میں سفید بال آگئے، تیسرے دن چیونٹی کے انڈے گالوں پر نظر آنے لگے۔“

15. ”میکے میں تو چاہے گھی کی ندی بہتی ہو۔“

16. ”آپ جو جی چاہے سمجھیں۔ گاوں والے جو دل میں آئے کہیں۔ مگر میں اس پاجی کی نماز جنازہ نہ پڑھاوں گا۔“

17. ”دن کو کہانی سنانے سے مسافر راستہ بھول جاتے ہیں۔“

18. ”معلوم ہوتا ہے بچے گی نہیں۔ سارا دن تڑپتے ہو گیا۔ جا دیکھ تو آ۔“

19. ”بہر حال، تمہارا حلیہ دیکھ کر تمہارے کشیدہ قامت ہونے پر مجھ کو رشک نہ آیا، کس واسطے، میرا قد بھی درازی میں انگشت نما ہے۔“

PART C — (3 × 10 = 30 marks)

نوٹ : کوئی تین سوالوں کے جواب مطلوب ہیں۔

ہر جواب پانچ سو الفاظ سے کم نہ ہو۔

20. ''فعل ماضی'' کی تعریف اور قسمیں بیان کیجئے۔

21. افسانہ 'بھولا' کا مرکزی خیال واضح کیجئے۔

22. علی اکبر آمبوری نے اپنے افسانے 'خوش نصیب' میں کن خیالات کا اظہار کیا ہے۔ جائزہ لیجئے۔

23. ''اسم'' کی تعریف کرتے ہوئے اس کی قسمیں بیان کیجئے۔

24. درج ذیل انگریزی اقتباس کا بامحاورہ اردو زبان میں ترجمہ کیجئے ۔

Africa is the home of rhinoceros. They also live in India. He is the big, ugly animal with two horns on his snout. It is not made of bone but of pressed hair. However it is solid enough to with stand blows against hard objects. But the horn has a weakness. If a bullet hits it the rhino falls down stunned.
